2021年11月16日ジャング紙ラホール版16面

سموگ، فیکٹریوں کی چیکنگ کیلئے 6 محکموں کا سکواڈ بنادیا، حسان خاور

سموگ، لاہور، فیصل آباد آلودہ ترین شہر، مصنوعی بارش برسانے کی تیاریاں

فضائی آلودگی خطرناک حد عبور کر گئی، لاہور میں مصنوعی بارش پر 10 کروڑ خرچہ آئیگا، تجربہ کامیاب ہوگیا

لاہور، فیصل آباد (خصوصی رپورٹر، نمائندہ جنگ) لاہور کو سموگ سے محفوظ رکھنے کیلئے مصنوعی بارش برسانے کی تیاریاں مکمل کرلی گئیں، 10 کروڑ خرچہ آئے گا لاہور دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں گزشتہ روز بھی سرفہرست رہا۔ ذرائع کا بتانا ہے کہ تجرباتی طور پر شہر میں طیارے یا غباروں کے ذریعے بارش برسائی جائے گی۔ ڈرائی آئس میں نمک اور پانی ڈال کر مصنوعی بادل بنانے اور انہیں برسانے کے لیے پنجاب یونیورسٹی کے پروفیسر منور صابر کی زیر نگرانی خانس پور میں مصنوعی بارش برسانے کا کامیاب تجربہ کرلیا گیا ہے۔

لاہور (خصوصی رپورٹر) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے اطلاعات و ترجمان حکومت پنجاب حسان خاور نے کہا ہے کہ محکمہ ماحولیات، پولیس، اسسٹنٹ کمشنر، لیسکو، واسا اور کارپوریشن کے نمائندگان پر مشتمل خصوصی اینٹی سموگ سکواڈ لاہور کی تمام صنعتوں کا ہفتہ وار معائنہ اور خلاف ورزیوں پر کارروائیاں کرے گا۔ زگ زیگ ٹیکنالوجی پر منتقل نہ کیے جانے والے 250 بھٹے سیل اور 2 کروڑ 70 لاکھ کے جرمانے کیے جاچکے ہیں۔ فصلوں کی باقیات جلائے جانے پر اب تک 36 لاکھ کے جرمانے اور 824 ایف آئی آرز درج کی جاچکی ہیں۔